# ہنگامی
## موبائل الرٹ

GET READY .govt.nz

## اگر آپ کی جان، صحت یا املاک کو شدید خطرہ ہے تو آپ کے موبائل فون پر ایک ہنگامی موبائل الرٹ بھیجا جاسکتا ہے۔

ہنگامی موبائل الرٹ ایک مجاز ایجنسی کی جانب سے آپ کے موبائل فون پر بھیجا جانے والا ایک پیغام ہے۔ یہ آپ کو انتباہ کرنے کے لئے اونچی آواز میں شور کرے گا۔

## اگر مجھے ہنگامی موبائل الرٹ موصول ہو تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟

آپ جو کچھ کررہے ہیں اسے روک دیں اور ہدایات پر عمل کریں۔

ہنگامی موبائل الرٹ صرف ان صورتوں میں ہی بھیجے جاتے ہیں:

- اگر جان، صحت یا املاک کو شدید خطرہ لاحق ہو؛ یا
- سال میں ایک یا دو بار ٹیسٹ کرنے کی غرض سے۔

اگر آپ کو الرٹ موصول ہوتا ہے تو اسے سنجیدگی سے لیں اور وہ جو کچھ کہتا ہے اس پر عمل کریں۔

سارے فون ہنگامی موبائل الرٹ موصول کرنے کے قابل نہیں ہوتے، لہذا اگر آپ کو الرٹ موصول ہوتا ہے تو دوسروں کو بتائیں۔

## کیا مجھے ہنگامی موبائل الرٹس موصول کرنے کیلئے سائن اپ کرنے کی ضرورت ہے؟

کسی ایپ کو سائن اپ کرنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ الرٹ صرف متاثرہ علاقوں میں بھیجے جاتے ہیں، لہذا آپ کو صرف اس صورت میں الرٹ موصول ہوں گے جب آپ کے علاقے میں ہنگامی صورتحال ہوگی۔

اگر آپ کا فون آن ہے، الرٹ موصول کرنے کی اہلیت رکھتا ہے اور ہدف والے علاقے کے اندر ہے تو آپ کو الرٹس موصول ہونے چاہئیں۔

## ہنگامی موبائل الرٹ کون بھیج سکتا ہے؟

ہنگامی موبائل الرٹ صرف ایہ ادارے ہی بھیج سکتے ہیں:

- نیشنل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی
- سول ڈیفنس ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی
- نیوزی لینڈ پولیس
- فائر اینڈ ایمرجنسی نیوزی لینڈ
- وزارت صحت، اور
- منسٹری فار پرائمری انڈسٹریز۔

## ہنگامی موبائل الرٹ دیگر ذرائع کا متبادل نہیں ہیں

ہنگامی موبائل الرٹ ہنگامی صورتحال میں آپ کو محفوظ اور آگاہ رکھنے کا محض ایک **اضافی** ذریعہ ہے۔ یہ الرٹ دیگر الرٹ کرنے والے نظاموں یا قدرتی انتباہ کے بعد کارروائی کرنے کی ضرورت کا متبادل نہیں ہے۔

آپ کو ابھی بھی کسی ہنگامی صورتحال کے لئے تیار رہنا چاہئے، اور آپ کو

## آگاہ رہنے کے طریقے




کوئی قدم اٹھانے سے قبل الرٹ موصول ہونے کا انتظار نہیں کرنا چاہئے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی جان کو خطرہ ہے تو مجاز انتباہ کا انتظار نہ کریں۔ فوری قدم اٹھائیں۔

اپنا ہنگامی منصوبہ بنانے کے لئے وقت نکالیں جس میں یہ شامل ہو کہ کیا کرنا ہے، کہاں جانا ہے، کون آپ کی مدد کرسکتا ہے اور کس کو آپ کی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ آپ getready.govt.nz پر آن لائن جا کر پلان بنا سکتے ہیں۔

## ہنگامی موبائل الرٹ کیسے کام کرتا ہے؟

ہنگامی موبائل الرٹ ایک مخصوص سگنل استعمال کرتا ہے تاکہ وہ ہنگامی صورتحال میں زیادہ قابل اعتماد ہو جس وقت، ہوسکتا ہے کہ، موبائل فون




1. ایک مجاز ایجنسی متاثرہ علاقے کا تعین کرتی ہے اور الرٹ تخلیق کرتی ہے۔
2. الرٹ کو متعلقہ سیل ٹاورز (موبائل فون کے کھمبوں) سے نشر کیا جاتا ہے۔
3. متاثرہ علاقے میں اہلیت رکھنے والے موبائل فون الرٹ موصول کرتے ہیں۔

اور انٹرنیٹ ٹریفک کی وجہ سے نیٹ ورک اوورلوڈ ہوچکا ہو۔

اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ کس نیٹ ورک پر ہیں۔ پیغامات بھیجے جانے کے عرصے کے دوران کوئی بھی اہل فون علاقے میں داخل ہوتے وقت الرٹ موصول کرے گا۔

## کیا میں ہنگامی موبائل الرٹس موصول کرنے سے انکار کرسکتا ہوں؟

ہنگامی موبائل الرٹ آپ کو محفوظ رکھنے کے لئے ہے، آپ ہنگامی موبائل الرٹس موصول کرنے سے انکار نہیں کرسکتے۔ الرٹ مخصوص فونز پر نہیں بھیجے جاتے، بلکہ یہ خطرے سے دوچار علاقے میں نشر کئے جاتے ہیں۔ ہنگامی موبائل الرٹ آپ کا موبائل فون نمبر استعمال نہیں کرتا اور نہ ہی آپ کے بارے میں معلومات اکٹھا کرتا ہے۔

ہنگامی موبائل الرٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لئے **getready.govt.nz** پر جائیں